دی بینک آف پنجاب

پریس ریلیز - November 8, 2018

ڈیٹا بریچ: دی بینک آف پنجاب کے اپنے صارفین کو یقین دہانی

بنکوں کے ڈیٹا بریچ سے متعلق میڈیا میں حالیہ چلنے والی ایک خبر کے تناظر میں دی بینک آف پنجاب اپنے صارفین کو یقین دہانی کرواتا ہے کہ ان کا ڈیٹا (Data) پنجاب بینک کے پاس بالکل محفوظ ہے۔ دی بینک آف پنجاب اپنے صارفین کے ڈیٹا کی حفاظت کو اہم ترین ترجیح قرار دیتا ہے، اور اس خطرے سے بچاؤ کے لئے درکار جدید ترین ٹیکنالوجی کا استعمال کر رہا ہے۔ دی بینک آف پنجاب اپنے صارفین کو یہ یقین دلاتا ہے اور تصدیق کرتا ہے کہ مذکورہ حادثہ سے ان کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچا۔ صارفین اپنے پورے اعتماد سے بینک کی خدمات سے پہلے کے طرح بلا جھجک استفادہ کر سکتے ہیں، صارفین کے ڈیٹا کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے بینک ہر ممکن طریقہ کار کا استعمال کرتا رہے گا۔